© rasailojaraid.com

اُصولوں میں سے تیسر التفصیلی، قانونی ۔ اقتصادی دا سلام میں سے ا دلائل مانگتا ہے ۔ اسی طرح ص ۵۵ بلا سُود بنک کاری کے لیے رہنمائی دی گئی ہے اور اس پہ اور بھی مفید لٹریچر ہے، مگر کوئی قابلِ عمل مثبت فارمولا اور نقشہ کسی کے پاس نہیں ۔ بعض لوگوں نے حیلے بہانے نکالے ہیں ۔ بات بنتی نہیں ۔ اور یہ کہاں تک لکھا جائے ۔ کام بہت قابلِ قدر ہے ۔ کتب حوالہ، اصطلاحات اور اعلام کے ضمیمے شامل ہیں۔

---

**الرحیق المختوم** از صفی الرحمٰن مبارک پوری ۔ ناشر : المکتبہ السلفیہ شیش محل روڈ لاہور ۔ خوبصورت کاغذ ، طباعت و جلد مع منقش گرد پوش ۔ صفحات ۷۸۶ ۔ قیمت نامعلوم ۔

سیرت پر بڑی جامع کتاب ہے ۔ اصل عربی ایڈیشن پر ۱۷۱ مسودات کے مقابلے میں رابطۂ عالمِ اسلامی مکۃ المکرمہ کی طرف سے ۵۰ ہزار سعودی ریال کا انعام دیا گیا ۔ اب اردو ترجمہ سامنے ہے ۔ گزشتہ چند سال میں سیرت نبوی پر جو لٹریچر شائع ہوا وہ ایک بحرِ بے پایاں ہے اور اس میں رحیق المختوم ایک بلند تر لہر ہے ۔ خدا مولف کو جزا دے ۔ واقعات پر تفصیلی غور حدیث و سیر کی روشنی میں تو کرنے کا مجھے وقت نہیں ملا بلکہ میں نے مولینا مبارک پوری پر اعتماد کیا ہے مگر توجہ دہانی کی دو باتیں : ایک یہ اسما کو اعراب کے ساتھ لانے کا اچھا التزام ہے مگر بہت سی مثالیں اس کے خلاف ہیں ۔ دوسری یہ کہ اردو ترجمہ معیاری نہیں اور بعض لسانی غلطیاں تو کانٹے کی طرح چبھتی ہیں ۔ مثلاً "دکھلائی پڑ گیا" (ص ۹۷)، "بانگ و خروش کے درمیان" (ص ۹۹)، "ایک پکار لگائی" (ص ۱۶۰) "وہ بھی آپ کی مدد سے کمزور پڑ گئے ہیں" (ص ۱۶۹) اصل مدعا کو واضح نہیں کرتا ۔ افلحت الوجوہ کا یوں تو ترجمہ درست ہے کہ "یہ چہرے کامیاب رہیں"۔ مگر اصل مفہوم ہوتا ہے کہ یہ اصحاب (اصحاب الوجوہ) کامیاب رہیں ۔ "وجوہ القوم" کے معنی ہیں قوم کے سردار ۔ "لوجہ اللّٰہ" کے معنی ہیں : اللّٰہ کی رضامندی کے لیے ۔ عالموں کے سامنے اس سے زیادہ بات کرنا گستاخی ہے ۔ ترجمہ از سرِ نو کرایا جائے یا نظرِ ثانی کرائی جائے ۔

بہرحال سیرتِ پاکؐ کی یہ خدمت گویا ہمارا اور ہر مسلمان کا اپنا ہی کام ہے ۔ ایسی خدمات کو گروہ بندیوں کی سطح سے بلند ہو کر دیکھنا چاہیے ۔

---

**مُسلم اُمّہ سویت روس میں** از ہم قدمِ جادۂ عشق و ہم قلم نگارشِ حق ، آباد شاہ پوری ۔ ناشر انسٹی ٹیوٹ

© rasailojaraid.com